سوال

(277)امام کا مردوں کے ساتھ عورتوں کی امامت کی نیت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا امام کےلیے ضروری ہے کہ وہ امامت کے وقت مردوں کے ساتھ عورتوں کا امام ہونے کی نیت بھی کرے، یا صرف اتنا ہی کافی ہے کہ وہ امام ہونے کی نیت کرے، بغیر اس فرق کے کہ وہ مردوں کا امام ہے یا عورتوں کا بھی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کےلیے امام ہونے کی نیت ہی کافی ہے، کہ اس کے پیچھے لوگ نماز پڑھ رہے ہیں۔ عورتوں کےلیے خاص نیت کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ اس کی کوئی دلیل نہیں ہے اور صحابیات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں نمازیں پڑھا کرتی تھیں اور کوئی ایسی دلیل ثابت نہیں ہے کہ آپ نے ان عورتوں کےلیے کوئی خاص نیت کی ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 245

محدث فتویٰ